QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 260

کوئٹہ: 11 مئی 2026ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی مختلف ٹیمیں صوبہ کے تمام آپریشن سرکلز میں نادہندہ سرکاری محکموں سمیت تمام نادہندہ گھریلو اور کمرشل صارفین سے بجلی بلوں کی مد میں بقایاجات کی ادائیگی کیلئے نوٹسز جاری کئے گئے تھے۔جس کے بعد مختلف سرکاری محکموں کی جانب سے بقایاجات کی وصولی عمل میں لائی گئی ہے جبکہ عدم ادائیگی پر نادہندگان کے کنکشنز بلاتفریق منقطع کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں کیسکو سینٹرل سرکل کوئٹہ کے تحت کوئٹہ شہر میں کیسکو زرغون، سریاب اور سٹی ڈویژن کے مختلف علاقوں میں ناہندہ سرکاری محکموں کے کنکشنز بلوں کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے۔جن میں کوئٹہ شہر میں محکمہ زراعت، گورنمنٹ لائبریری، محکمہ پی ایچ ای کے واٹر سپلائی کنکشنز، محکمہ ریلوے، محکمہ جنگلات، محکمہ صحت، بی اینڈ آر، کنٹونمنٹ بورڈ، محکمہ اسپورٹس، رورل ڈیولپمنٹ، کیوڈی اے، فوڈ ڈیپارٹمنٹ، ٹاؤن میونسپل کمیٹی، محکمہ ہائیڈرولوجی اور ڈیری ڈیپارٹمنٹ کے کنکشنز شامل ہیں جنکے ذمہ بجلی بلوں کی مد میں کروڑوں روپے واجب الادا ہیں جبکہ اس دوران کیسکو سریاب ڈویژن کی ٹیم نے بقایاجات کی مد میں محکمہ خوراک سے تقریباً 2 لاکھ روپے کی وصولی بھی عمل میں لائی گئی۔اسی طرح کیسکو لورالائی آپریشن سرکل کی ٹیموں نے محکمہ پی ایچ ای، محکمہ پولیس، بی اینڈ آر، محکمہ تعلیم، لائیواسٹاک اینڈ ڈیری، فاریسٹ اینڈ وایلڈ لائف، میونسپل کمیونٹی، لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ، سوشل ویلفیئر اور پاپولیشن اینڈ پلاننگ کے مختلف دفاتر کے کنکشنز عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے۔کیسکو سبی آپریشن سرکل کے تحت کیسکو ٹیموں نے سبی سرکل کے زیر انتظام مختلف نادہندہ سرکاری محکموں کے برقی کنکشنز منقطع کردیئے جن میں محکمہ زراعت، محکمہ تعلیم، لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ، محکمہ پی ایچ ای اور بی اینڈ آر سمیت دیگر گھریلو اور کمرشل نادہندگان شامل ہیں نیز کارروائی کے دوران ڈیرہ بگٹی میں کیسکو ٹیم کی جانب سے تقریباً 16 کروڑ 13 لاکھ 47 ہزار روپے کی وصولی عمل میں لائی گئی۔اسکے علاوہ کیسکو پشین سرکل کے تحت کارروائی کے دوران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے بجلی بلوں کی مد میں تقریباً 70 لاکھ روپے وصول کئے گئے۔اسی طرح کیسکو مکران سرکل کے تحت تربت آپریشن ڈویژن کی ٹیم نے تقریباً ایک کروڑ 21 لاکھ 82 ہزار روپے بقایاجات کی مد میں وصول کرلئے نیز کارروائی کے دوران پنجگور، تربت اور گوادر کے علاقوں میں مختلف نادہندہ سرکاری محکموں اور دیگر صارفین جن میں گھریلو، کمرشل نادہندگان شامل ہیں اُنکے برقی کنکشنز عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے۔

واضح رہے کہ کیسکو ٹیموں کی جانب سے نادہندہ سرکاری محکموں سمیت گھریلو، کمرشل اور دیگر پرائیویٹ صارفین سے بقایاجات کی وصولی کے لئے کارروائیاں جاری ہے جبکہ عدم ادائیگی پر نادہندگان کے برقی کنکشنز بلاتفریق منقطع کئے جائیں گے۔تمام صارفین سے اپیل ہے کہ وہ اپنے موجودہ بل جمع کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ذمے بقایاجات بھی فوری طور پر ادا کریں تاکہ بجلی منقطع ہونے یا مزید کسی زحمت اور پریشانی سے بچا جاسکے۔ # # #

نمبر: کیسکو پی آر 261

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 11 مئی 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 12 مئی اور 14 مئی کو (روزانہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، انٹر کنیکٹر، اولڈ سمنگلی، مالک، نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، پی اے ایف سٹی، چشمہ، واسا، خروٹ آباد، جبل نور فیڈرز صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 13 مئی کو (بروز بدھ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیرپورٹ روڈ، تکاتو، ادیان، داریم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک جبکہ مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv کانسی ون، کانسی ٹو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈر سے دن 11 بجے تا سہ پہر 3 بجے بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ